Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NAMAZ · DEAD (MAYYIT)

Dedication to dead

ایصالِ ثواب

Al-Kaf'ami has recorded this prayer in the same aforementioned method. Yet, he added that he saw in some books of our master scholars that in the first unit of this prayer, Surah Fateha (https://fzic.org/library/quran/1-fateha-7-1074) and Aayatul Kursi (https://fzic.org/library/quran/aayatul-kursi-1188) are recited once and Surah Ikhlaas (https://fzic.org/library/quran/112-ikhlaas-4-1185) twice and in the second unit Surah Fateha (https://fzic.org/library/quran/1-fateha-7-1074) once and Surah Takaasur (https://fzic.org/library/quran/102-takaasur-8-1175) 10 times. The following is quoted from the book of Zad Ma'ad by Allamah Majlisi (r). It is highly advisable not to neglect mentioning the dead, because they are now unable to do any righteous or charitable deed. They therefore hope that their sons, relatives, and brethren-in-faith will do charitable acts on behalf of them or pray for them, especially at the nocturnal prayers. An individual is required to pray for his parents in the post-prayer supplicatory utterances and at visiting the holy shrines and to do charitable and righteous acts on behalf of them.

مؤلف کہتے ہیں کفعمی(رح) نے بھی یہ نماز اسی کیفیت کے ساتھ ذکر کی ہے اس کے بعد فرمایا ہے کہ میں نے بعض کتابوں میں دیکھا ہے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ (https://fzic.org/library/quran/1-fateha-7-1074) کے بعد آیت الکرسی (https://fzic.org/library/quran/aaya-tul-kursi-1188) ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص (https://fzic.org/library/quran/112-ikhlaas-4-1185) ۲ مرتبہ پڑھتے ہیں نیز علامہ مجلسی (رح) نے زاد المعاد میں فرمایا ہے کہ مرنے والوں کو فراموش نہیں کرنا چاہیے کیونکہ وہ خود تو اعمال خیر انجام نہیں دے پاتے وہ صرف اپنی اولاد، رشتہ داروں اور مومن بھائیوں سے آس لگائے ہوئے ہیں اور ان کی نیکیوں کے لئے چشم براہ ہیں پس خاص طور پہ نماز تہجد، فریضہ نمازوں کے بعد اور مقامات مقدسہ کی زیارت کے موقعہ پر ان کے لئے دعا کرنا چاہیے اور والدین کے لئے دوسروں سے کچھ زیادہ دعا کرنا چاہیے نیز ان کے لئے اعمال خیر بجا لانے چاہیے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

A tradition holds that an individual who may be impious to his parents can be recorded as pious to them after their death when he does charitable and righteous acts on behalf of them; while an individual who is pious to his parents in their lifetimes may be decided as impious to them after their death, because he disregards doing any charitable or righteous act on behalf of them. The best charitable favor that is done to one's parents or relatives is to settle their debts and to release them from any liability towards Almighty Allah or towards other people. Hence, one may do his best to go on the ritual pilgrimage (Hajj) on behalf of the dead or to make up for the obligatory acts of worship that they missed to do, either voluntarily or by employing someone to do that for a certain wage.

ایک اور روایت میں آیا ہے کہ بہت سی اولادیں ایسی ہوتی ہیں کہ والدین کی موجودگی میں ان کی نافرمان ہوتی ہیں لیکن ان کے مرنے کے بعد ان کے لئے اعمال خیر بجا لانے کے باعث فرماں بردار بن جاتی ہیں اور اسی طرح بہت سی اولادیں ایسی ہیں جو والدین کی زندگی میں ان کی فرمان بردار ہوتی ہیں لیکن ان کے مرنے کے بعد ان کے لئے اعمال خیر بجانہ لانے یا کم بجا لانے سے نافرمان ہو جاتی ہیں اپنے فوت شدہ والدین اور رشتہ داروں کے لئے سب سے بہتر اور عمدہ نیکی یہ ہے کہ ان کے واجب قرضے ادا کیے جائیں اور انہیں حقوق للہ اور حقوق العباد سے چھٹکارا دلایا جائے اور ان پر حج یا دوسری عبادات کی جو ادائیگی واجب تھی وہ خود یا اجرت دے کر ادا کرائی جائے۔

In this respect, an authentic tradition holds that Imam Sadiq (a) used to offer Namaz-e-Aafiyat (https://fzic.org/library/namaz/namaz-in-difficulties-1851) a 2 unit prayer each night on behalf of his son and another 2 unit prayer each day on behalf of his parents. Another authentic tradition holds that Imam Sadiq (a) said, "It happens that the tight grave of a dead is expanded for him. He is then informed that this expansion has been made due to the prayer of your brother-in-faith, so-and-so, for you." The reporter asked, "Is it permissible to dedicate a 2 unit prayer to 2 dead persons?" The Imam (a) answered, "Yes, it is. Indeed, a dead person takes pleasure in the prayers and forgiveness-seeking implorations that are dedicated to him just as a living person feels happy when a present is gifted to him. The reward of such act is recorded for both the dead and the dedicating person."

صحیح حدیث میں منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادقؑ ہر شب اپنے فرزند کے لئے اور ہر روز اپنے والدین کے لئے نمازِ عافیت (https://fzic.org/library/namaz/namaz-in-difficulties-1851) پڑھتے تھے۔ صحیح سند کے ساتھ حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ بعض اوقات یوں ہوتا ہے کہ ایک میت تنگی اور سختی میں ہوتی ہے لیکن للہ تعالیٰ اسے آسائش وکشائش عطا کردیتا ہے پھر میت سے کہا جاتا ہے کہ تجھے یہ آسانی اس لئے میسر آئی کہ تیرے فلاں مومن بھائی نے تیرے لئے نماز پڑھی ہے راوی نے پوچھا آیا ایک نماز میں دو میتوں کو بھی شریک کیا جاسکتا ہے؟ فرمایا، ہاں؛ ایسا کیا جاسکتا ہے پھر فرمایا کہ میت کو خوشی حاصل ہوتی ہے اور وہ دعا اور استغفار کی وجہ سے مسرور ہوتی ہے جو اس کے لئے کی جاتی ہے اسے ویسے ہی خوشی ملتی ہے جیسے زندہ شخص کو ہدیہ سے خوشی ہوتی ہے۔

Free to read, copy and share

According to another tradition, Imam Sadiq (a) said, “Prayers, fasting, going on Hajj, alms giving, charitable acts, and supplications these things join the dead in his grave.” According to another tradition, Imam Sadiq (a) said, “Any Muslim who does a (righteous) act on behalf of a dead, Almighty Allah will double his reward and make his act beneficial for the dead.” Other traditions hold that when one gives something as alms on behalf of a dead, Almighty Allah will order Archangel Gabriel to lead 70000 angels to the grave of that dead, each angel carrying a saucer and saying to the dead, “Peace be upon you, O Allah’s intimate servant. This is the gift of so-and-so, the faithful, to you.” The grave of that dead will then glitter. Moreover, Almighty Allah will give him 1000 cities in Paradise, 1000 Paradisiacal women in marriage, 1000 garments to dress, and will grant him 1000 of his requests.

نیز فرمایا کہ میت کے لئے نماز، روزہ، حج، صدقات، دوسرے جو بھی اعمال خیر بجا لائے جائیں اور اس کے لئے دعا کی جائے ان تمام چیزوں کا ثواب قبر میں اس کے پاس پہنچ جاتا ہے یہ ثواب میت کے لئے بھی لکھا جاتا ہے اور میت کے لئے اعمال بجا لانے والے شخص کے لئے بھی لکھا جاتا ہے۔ ایک اور حدیث میں فرماتے ہیں کہ جو مسلمان کسی مرنے والے کے لئے کوئی نیک عمل انجام دیتا ہے للہ اس کے ثواب کو دگنا کر دیتا ہے اور مرنے والا اس سے فائدہ اٹھاتا رہتا ہے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ جب کوئی شخص کسی مرنے والے کو ثواب پہنچانے کے لئے صدقہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ حضرت جبرائیلؑ کو حکم دیتا ہے تو وہ ۷۰۰۰۰ فرشتوں کے ساتھ اس کی قبر پر جاتے ہیں جن میں سے ہر ایک کے ہاتھ میں نعمت الٰہی کا طبق ہوتا ہے ہر فرشتہ اس کو السلام علیک یا ولی للہ کہتا ہے اور بتاتا ہے کہ اے خدا کے بندے تمہارے لئے یہ ہدیہ فلاں مومن نے بھیجا ہے اس کی قبر منور ہوجاتی ہے اور حق تعالیٰ بہشت میں اسے ۱۰۰۰ شہر عطا فرمائے گا ۱۰۰۰ حوروں سے اس کا ازدواج کرے گا اسے ۱۰۰۰ پوشاکیں پہنائے گا اور اس کی ۱۰۰۰ حاجات پوری فرمائے گا۔

Printed from https://fzic.org/library/namaz/dedication-to-dead-1868 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.